Shabbir / Farooqui

12-05-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کے بحران کے پیشِ نظر عوام سے زرمبادلہ بچانے کے لیے ایندھن کی بچت کرنے اور غیر ملکی مصنوعات کے استعمال میں کمی لانے کی اپیل کی ہے۔

2- BJP کے سینئر رہنما ہیمنت بسوا سرما آج گوہاٹی میں آسام کے وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔ اُن کے ہمراہ چار وزراء بھی حلف لیں گے، جن میں BJP کے 2، AGP اور BPF کے ایک۔ایک وزیر ہوں گے۔

3- ED نے جنوبی دم دم میونسپلٹی بھرتی گھوٹالہ معاملے میں مغربی بنگال کے سابق وزیر Sujit Basu کو گرفتار کیا ہے۔

4- وزیرِ اعظم نریندر مودی جمعہ سے متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے چھ روزہ سرکاری دورے پر ہوں گے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ بندی انتہائی کمزور حالت میں ہے اور بمشکل قائم ہے۔

6- اور، بنگلہ دیش نے بھارت میں منعقدہ مردوں کے ICC ٹی۔20 ورلڈ کپ سے قومی کرکٹ ٹیم کے دستبردار ہونے کی وجوہات جاننے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM West Asia Cris

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کے بحران کے دوران زرمبادلہ بچانے کے لیے عوام سے ایندھن کی بچت کرنے اور غیر ملکی مصنوعات کے استعمال میں کمی لانے کی اپیل کی ہے۔کل شام گجرات کے وڈودرا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کورونا کے وقت کے طور طریقوں جیسے گھر سے کام کرنے، آن لائن کلاسز، ورچوئل میٹنگز نیز پیٹرول اور ڈیزل کے کم استعمال کو دوبارہ اپنانے کی اپنی سابقہ اپیل کو دہرایا۔

درآمدات میں کمی لانے اور ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا کہ ہم سبھی کو ملکر ملک کے وسائل پر بوجھ کم کرنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔

S/B PM Local for Vocal

وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت بیرونِ ملک سے بہت سی مصنوعات درآمد کرنے پر زرمبادلہ کی مد میں لاکھوں کروڑ روپے خرچ کرتا ہے، جبکہ موجودہ بحران کے باعث درآمد ہونے والی اشیا کی قیمتوں میں کافی اضافہ ہوگیا ہے اور عالمی سپلائی چین بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہی ہے کہ اس بحران کے اثرات ملک کے شہریوں پر کم سے کم پڑیں۔

S/B PM Modi on Fuel

انہوں نے کہا کہ جب تک حالات معمول پرنہیں آجاتے، ملک کے مفاد میں ہر چھوٹا اور بامعنی قدم ضروری ہے۔ وزیرِاعظم نے سرکاری ٹرانسپورٹ، الیکٹرک بسوں اور کار پولنگ کو اپنانے کے ذریعے پیٹرول اور ڈیزل کے استعمال میں کمی لانے کی اپیل کا اعادہ کیا۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے حالات کے معمول پر آنے تک سونا خریدنے سے گریز کرنے کی بھی اپیل کی۔x

Assam Swearing In

ایک اہم سیاسی اور تاریخی پیش رفت کے تحت ہمنت بسوا سرما لگاتار دوسری مدت کار کیلئے آسام کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے آج حلف لیں گے۔ وہ آسام کی تاریخ میں لگاتار دوسری مرتبہ اس عہدے پر فائز ہونے والے پہلے غیر کانگریسی لیڈر ہوں گے۔ گورنر لکشمن پرساد آچاریہ، ڈاکٹر سرما اور اُن کی وزارتی کونسل کو عہدے اور رازداری کا حلف دلائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Rakesh

ڈاکٹر ہمنت بسوا سرما کے بطور وزیراعلیٰ کے علاوہ وزارتی کونسل کے چار اراکین بھی آج حلف لیں گے۔ یہ چار کابینی وزیر ہیں : رامیسور تیلی، اتُل بورا، چرن بورو اور اَجنتا Neog۔ حلف برداری کی تقریب میں وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، دیگر کئی مرکزی وزراء اور BJP کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ شرکت کریں گے۔ حلف برداری تقریب کی میزبانی کیلئے گوہاٹی کے خان پاڑہ کے Veterinary کالج گراؤنڈ کو پوری طرح سجایا گیا ہے۔ تقریب کے دوران بڑے پیانے پر لوگوں کے اجتماع کو دیکھتے ہوئے خاطر خواہ انتظامات کئے گئے ہیں۔

کامروپ میٹرو ضلع انتظامیہ نے شہر کے مختلف حصوں میں ٹریفک اور گاڑیوں کی حسب معمول آمد ورفت کو یقینی بنانے کیلئے ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔

گوہاٹی سے راکیش Doley کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Sujit Basu Arrested

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ EDنے مغربی بنگال حکومت کے فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کے سابق وزیر Sujit Basu کو کولکاتا میں جنوبی دم دم میونسپلٹی بھرتی گھوٹالہ معاملے میں گرفتار کیا ہے۔

ED حکام کے مطابق، Sujit Basu پر الزام ہے کہ انہوں نے سابقہ TMC حکومت کے دوران جنوبی دم دم میونسپلٹی میں مختلف عہدوں پر تقرری کے لیے تقریباً 150 امیدواروں کی سفارش مالی فائدے حاصل کرنے کیلئے کی تھی۔

حکام نے بتایا کہ ED نے رشوت سے حاصل شدہ آمدنی کے براہِ راست شواہد کا سراغ لگایا ہے، جن میں ایسے فلیٹس شامل ہیں جو مبینہ طور پر مختلف افراد کو میونسپل نوکریاں دلانے کے عوض حاصل کیے گئے تھے۔ تحقیقاتی ایجنسی نے اُن کے بینک کھاتوں میں بڑی مقدار میں نقد رقم جمع ہونے کی بھی نشاندہی کی ہے۔ Sujit Basu کو آج خصوصی عدالت میں پیش کیا جائے گا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM Five Nation Tour

وزیرِ اعظم نریندر مودی آئندہ جمعہ سے متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے چھ روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ یہ دورہ حال ہی میں طے پانے والے بھارت-یورپی یونین آزاد تجارتی معاہدے FTA کے تناظر میں یورپ کے ساتھ، خاص طور پر تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں بھارت کی شراکت داری کو مزید مضبوط بنائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Anupam

پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں نریندر مودی جمعہ کو متحدہ عرب امارات پہنچیں گے، جہاں وہ صدر محمد بن زائد النہیان سے ملاقات کریں گے۔ دونوں رہنما دو طرفہ امور، خاص طور پر توانائی کے شعبے میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

اس کے بعد وزیرِ اعظم جمعہ کو ہی نیدرلینڈس پہنچیں گے، جہاں وہ شاہ ولیم الیگزینڈر اور ملکہ Maxima سے ملاقات کریں گے۔ جناب مودی، نیدرلینڈس کے وزیراعظم Rob Jetten کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔ یہ دورہ دفاع، سلامتی، اختراعات، گرین ہائیڈروجن، سیمی کنڈکٹرز اور آبی شراکت داری سمیت مختلف شعبوں میں قریبی تعاون کو مزید فروغ دے گا۔

دورے کے تیسرے مرحلے میں نریندر مودی اتوار کو سویڈن کے شہر Gothenburg پہنچیں گے اور سویڈن کے اپنے ہم منصب Ulf Kristersson کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنما باہمی تعلقات کا جائزہ لیں گے اور باہمی تعاون کے نئے امکانات پر غوروخوض کریں گے۔

دونوں وزرائے اعظم یورپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen کے ہمراہ صنعت سے متعلق یورپی گول میز کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے، جو یورپی کاروباری رہنماؤں کا ایک اہم فورم ہے۔

اپنے دورے کے چوتھے مرحلے میں وزیرِ اعظم پیر کے روز ناروے پہنچیں گے، جہاں وہ تیسرے بھارت-نورڈک سمٹ اور دو طرفہ میٹنگوں میں شرکت کریں گے۔

اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیرِ اعظم منگل کے روز اٹلی کا سرکاری دورہ کریں گے۔

انھوں نے آخری بار جون 2024 میں جی-7 سربراہی اجلاس کے لیے اٹلی کا دورہ کیا تھا۔

وزیرِ اعظم اٹلی کے صدر Sergio Mattarella سے ملاقات کریں گے اور وزیرِ اعظم Giorgia Meloni کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط ہوتے دو طرفہ تعلقات کے پس منظر میں ہو رہا ہے، جہاں دونوں فریق مشترکہ اسٹریٹجک ایکشن پلان 2029-2025 پر سرگرم طور پر عمل درآمد کر رہے ہیں۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں.......

## Trump-Iran Ceasefire

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ بندی انتہائی نازک حالت میں ہے اور بمشکل قائم ہے۔ جناب ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں آیا ہے، جب ٹرمپ مہینوں طویل جنگ کے خاتمے کی ایران کی تجویز کو پوری طرح ناقابل قبول قرار دے کر مسترد کرچکے ہیں۔ ایران کے ساتھ جنگ بندی کی تجویز کو مسترد کئے جانے کے ضمن میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں ٹرمپ نے Oval آفس میں صحافیوں کو بتایا کہ جنگ بندی انتہائی نازک صورتحال کا شکار ہے۔ صدر ٹرمپ نے ایران کی جانب سے بھیجی گئی تجویز کو رَدّی کی ٹوکری میں ڈالنے کے قابل قرار دیا۔ وہائٹ ہاؤس میں زچہ کی صحت دیکھ بھال سے متعلق تقریب میں ٹرمپ نے شرکاء سے کہا کہ وہ اپنی باتوں مختصر کریں، کیونکہ انہیں ایران کے معاملے پر جنرلوں کے بڑے گروپ سے تبادلہ خیال کرنا ہے۔

صدر ٹرمپ کو اتوار کے روز ایرانی تجویز موصول ہوئیں، جس سے امید کی جارہی تھی کہ 28 فروری کو ایران کے ساتھ شروع ہوئی جنگ کے خاتمے کا کوئی راستہ نکل آئے گا۔ اس جنگ سے تیل کی عالمی سپلائی کے اہم سمندری راستے مسدود ہوگئے ہیں، جس کے نتیجے میں کئی ملکوں میں تیل کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے ایران کے نام ونہاد نمائندوں کی جانب سے موصول جواب پڑھا ہے، جو انہیں پسند نہیں آیا۔ ٹرمپ نے اسے پوری طرح ناقابل قبول قرار دیا۔ تہران کے ساتھ جنگ بندی کو جناب ٹرمپ نے ناقابل یقین حد تک کمزور قرار دیا۔×

US Iran Ceasefire

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے ساتھ جنگ بندی کو انتہائی نازک قرار دینے کے بعد تیل کے بازار لڑکھڑا گئے ہیں اور سفارتی کشیدگی میں اضافہ ہوگیا۔ جناب ٹرمپ کی جانب سے اس تبصرے کے بعد جنگ بندی کے برقرار رہنے سے متعلق تازہ خدشات میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے ایران نے امریکی امن تجاویز پر اپنا جواب بھیجا، جس میں سبھی محاذوں پر مخاصمت کے خاتمے، امریکی پابندیاں ہٹانے، ایران کے منجمد اثاثے جاری کرنے، امریکہ کی بحری ناکہ بندی ختم کرنے اور آبنائے ہرمز پر ایران کے انتظام کو تسلیم کرنے کی بات کہی گئی تھی۔ یہ تجویز ایک مفاہمت نامے کے ذریعہ مرحلے وار طریقے سے روڈ میپ وضع کرنے کی بات کرتی ہے، جس کے بعد 30 دن کے مذاکرات ہوں گے۔

اس دوران صدر ٹرمپ نے تہران کی شرطوں کو پوری طرح ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا، جس کے بعد Brent خام تیل کی قیمتوں میں چار فیصد کا اضافہ ہوگیا اور یہ قیمتیں 105 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئیں۔ سعودی Aramco حکام نے انتباہ دیا ہے کہ تنازعہ شدت اختیار کر گیا ہے اور یہ درج شدہ تاریخ میں توانائی کے معاملے میں سب سے بڑا جھٹکا ہے۔ حکام نے مزید کہا کہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی اگر فوری طور پر ختم کردی جاتی ہے، تب بھی سال 2027 تک تیل کے عالمی بازاروں میں استحکام نہیں آسکتا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Vinod Kumar

ایران کے مطالبات بنیادی طور پر فوری نیوکلیائی رعایتوں کے بجائے جنگ کے حالات اور اقتصادی صورتحال پر مبنی ہیں، جسے واشنگٹن اس مرحلے پر قبول کرنے کیلئے تیار نظر نہیں آرہا۔ دونوں فریقوں کے درمیان کافی دوری ہے اور مصالحت کار مشترکہ حل ڈھونڈنے میں جدوجہد کرتے نظر آرہے ہیں، کیونکہ پورے مغربی ایشیاء میں جنگ کا دباؤ اور اقتصادی دباؤ بڑھتا جارہا ہے۔ اس دوران متحدہ عرب امارات میں حکومت قومی بنیادی ڈھانچے پر حملے کے جواب کو قطعی شکل دے رہی ہے۔ حکام نے 2 ہزار 800 سے زیادہ ڈرونز اور میزائل حملوں کے ذریعہ اماراتی حدود میں ہوئے نقصان کو درج کرنے کیلئے قومی کمیٹی تشکیل دی ہے۔

متحدہ عرب امارات اپنی اہم تنصیبات اور توانائی کے مراکز پر حملوں کے جواب میں بین الاقوامی قانونی جواب دہی طے کرنے اور ہرجانہ حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے۔
دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Navy Chief Pakistan

بھارتی بحریہ کے نامزد سربراہ وائس ایڈمرل کرشنا سوامی ناتھن نے کہا ہے کہ ملک سرحد پار سے ہونے والی کسی بھی جسارت سے نمٹنے اور اُس کا قلع قمع کرنے کیلئے تیار ہے۔ مغربی بحری کمان کے کمانڈنگ اِن چیف، فلیگ آفیسر جناب سوامی ناتھن نے کہا ہے کہ بھارت کئی سالوں تک دہشت گردی سے متاثر رہا ہے اور وہ ملک میں بالخصوص بیرونی سرزمین سے کی جارہی دہشت گردی کو قبول نہیں کرسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپریشن سندور کے دوران اُن دہشت گردوں اور دہشت گرد کیمپوں کو، خاص طور پر نشانہ بنایا گیا، جنہوں نے سال 2025 میں پہلگام واقعہ کو انجام دیا تھا۔ جناب سوامی ناتھن، پاکستانی دفاعی افواج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے تبصروں سے متعلق رپورٹ پر رائے زنی کررہے تھے، جس میں عاصم منیر نے کہا تھا کہ اسلام آباد کے خلاف مستقبل میں کسی بھی طرح کی مہم جوئی کا نتیجہ انتہائی خطرناک اور وسیع تر ہوگا۔×

J&K Rapido Bike

جموں وکشمیر میں حکام نے ضروری اجازت نامے حاصل کئے بغیر کام کرنے کی پاداش میں بائک اور Cab خدمات فراہم کرنے والی کمپنی، Rapido پر پابندی لگادی ہے۔ جموں کے RTO جسمیت سنگھ نے سرکلر جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ Rapido کمپنی، Aggregator سرٹیفکٹ کے بغیر کام کررہی تھی، جس سے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں، اُس کی خدمات غیر قانونی ہوگئی ہیں۔

ٹرانسپورٹ کمشنر Vishesh Paul مہاجن کے بیان کے بعد یہ کارروائی ہوئی ہے، جس میں انہوں نے واضح کیا تھا کہ Rapido کے پاس جموں وکشمیر میں کام کرنے کا لائسنس نہیں ہے۔×

Minees Second Tranche

کانوں کی وزارت آج سری نگر میں جموں وکشمیر میں چونا پتھر کے بلاکوں کی نیلامی کا دوسرا مرحلہ شروع کرنے جارہا ہے۔ دوسرے مرحلے کے تحت وزارت جموں اور کشمیر حکومت کے تعاون سے نیلامی کیلئے 12 چونا پتھر کے بلاکس پیش کررہا ہے۔ یہ بلاک اننت ناگ، راجوری اور پونچھ اضلاع میں واقع ہیں اور ان میں نئے شناخت شدہ بلاکس کے ساتھ ساتھ دوسری کوشش کے تحت دوبارہ نیلامی کئے جانے والے دونوں بلاکس شامل ہیں، جو وسائل کے بہترین استعمال اور صنعت کی مستقل شرکت کے تئیں حکومت کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔×

## Bangladesh Cricket Committee

بنگلہ دیش میں، بھارت میں منعقدہ مردوں کے ICC ٹی۔ٹوئینٹی ورلڈ کپ سے قومی کرکٹ ٹیم کے دستبردار ہونے کی وجوہات جاننے کے لیے ایک تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

10 مئی کے سرکاری حکم نامے کے مطابق، سابق ایڈیشنل سکریٹری ڈاکٹر AKM ولی اللہ اس کمیٹی کی سربراہی کریں گے، جبکہ بنگلہ دیش کے سابق کپتان اور موجودہ چیف سلیکٹر حبیب البشر اور سپریم کورٹ کے وکیل فیصل دستگیر کمیٹی کے ارکان میں شامل ہیں۔ کمیٹی کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ 15 کام کے دنوں کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے۔ بنگلہ دیش نے بھارت اور سری لنکا کی مشترکہ میزبانی میں ہونے والے ٹی۔20 ورلڈ کپ سے اُس وقت دستبرداری اختیار کرلی تھی جب بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ BCB نے سکیورٹی خدشات کے باعث بھارت جانے سے انکار کر دیا۔ یہ معاملہ اُس وقت سامنے آیا جب بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے تیز گیند باز مستفیض الرحمان کو اُن کے IPL معاہدے سے ریلیز کرنے کے لیے کہا۔

BCB نے عالمی کرکٹ کونسل ICC سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ بنگلہ دیش کے حصے کے میچز سری لنکا منتقل کر دیے جائیں، تاہم ICC نے اس درخواست کو مسترد کر دیا، جس کے بعد اس بڑے ٹورنامنٹ میں بنگلہ دیش کی جگہ اسکاٹ لینڈ کو شامل کر لیا گیا۔x

## IPL

IPL کرکٹ میں کل رات دھرم شالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلس نے پنجاب کنگس کو تین وکٹ سے ہرایا۔

اس سے پہلے ڈیلی کیپٹلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ پنجاب کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 210 رن بنائے۔ Shreyas Iyer نے 59 رن اور پریانش آریہ نے 56 رن بنائے۔ دلی کیپٹلس کی طرف سے Mitchell Starc اور مادھو تیواری نے دو۔دو وکٹ حاصل کیے۔

جیت کیلئے 211 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلس نے 19 اوورس میں سات وکٹ پر 216 رن بناکر میچ آسانی سے جیت لیا۔ کپتان اکشر پٹیل نے 56 رن بنائے، ڈیوڈ ملر نے 28 گیندوں میں شاندار 51 رن بنائے۔ پنجاب کنگس کی طرف سے ارش دیپ سنگھ اور یش ٹھاکر نے دو۔دو وکٹ حاصل کیے۔ مادھو تیواری کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

Uttarakhand Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے اتراکھنڈ کے اترکاشی، چمولی، رودرپریاگ، باگیشور اور پتھورا گڑھ اضلاع میں اگلے 36 گھنٹے تک شدید بارش کے لئے اورینج جاری کیا ہے جبکہ باقی اضلاع کیلئے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس دوران ریاست کے مختلف حصوں میں ژالہ باری اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ 4 ہزار میٹر سے زیادہ کی بلندی پر واقع علاقوں میں بھی برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمہ موسمیات نے چار دھام یاتریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ موسم کی تازہ ترین جانکاری حاصل کرنے کے بعد ہی اپنا سفر شروع کریں۔ موسم کی خراب صورتحال کی صورت میں انھیں محفوظ مقامات پر رہنے کی بھی تاکید کی گئی ہے۔x

Cannes Film Festival

آزاد سنیما کا سالانہ جشن کانس فلم فیسٹول آج سے French Riviera میں شروع ہوگا۔ اس دوران John Travolta، ایڈم Driver اور باربرا Streisand اُن سپراسٹارز میں شامل ہیں، جو ریڈ کارپٹ پر اپنا جلوہ بکھیریں گے۔ کانس فلم فیسٹول، دنیا کا سب سے بڑا فلم فیسٹول ہے، جو Venice فلم فیسٹول کے متبادل کے طور پر سال 1939 میں پہلی مرتبہ منعقد ہوا تھا۔ Venice فلم فیسٹول اُس وقت برسراقتدار فسطائیوں کے زیر کنٹرول تھا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ۔فیصل خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے گجرات دورے کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: وزیراعظم نے سومناتھ مندر کی تعمیر نو کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقد 'سومناتھ امرت مہوتسو' کے دوران کہا ہے کہ سومناتھ مندر بھارت کی اٹوٹ شردھا کی علامت ہے اور یہ مندر ہزاروں برسوں سے تحریک کا سرچشمہ رہا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے ایک اہم خبر کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے کہ ملک میں ہر طرح کے ایندھن اور توانائی کا وافر ذخیرہ موجود ہے: حکومت ہند کا بیان۔

اسی اخبار نے ایک اور اہم سرخی لگائی ہے: حکومت ہند نے کہا کہ VB جی رام جی ایکٹ ملک بھر کے دیہی علاقوں میں یکم جولائی سے نافذ ہوگا۔

روزنامہ انقلاب نے اپنے صفحہ اول پر نمایاں طور پر سرخی لگائی ہے: ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی بھارت آمد متوقع۔

اخبارات کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ 13 مئی سے 15 مئی تک چین کا دورہ کریں گے۔

☆ ٹرمپ نے ایران کی جنگ بندی تجاویز کو مسترد کرتے ہوئے ناقابل قبول قرار دیا۔

☆ ایران کی جنگ بندی تجاویز مسترد ہونے کے بعد عالمی بازاروں میں خام تیل ہوا مہنگا۔

☆ ہنتا وائرس سے متاثرہ سیاحتی بحری جہاز اسپین کے جزیرے پر پہنچا۔

☆ چین کی پیداواری افراط زر تقریباً چار سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کے بحران کے پیشِ نظر عوام سے زرمبادلہ بچانے کے لیے ایندھن کی بچت کرنے اور غیر ملکی مصنوعات کے استعمال میں کمی لانے کی اپیل کی ہے۔

2- BJP کے سینئر رہنما ہیمنت بسوا سرما آج گوہاٹی میں آسام کے وزیرِ اعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔ اُن کے ہمراہ چار وزراء بھی حلف لیں گے، جن میں BJP کے 2، AGP اور BPF کے ایک۔ایک وزیر ہوں گے۔

3- ED نے جنوبی دم دم میونسپلٹی بھرتی گھوٹالہ معاملے میں مغربی بنگال کے سابق وزیر Sujit Basu کو گرفتار کیا ہے۔

4- وزیرِ اعظم نریندر مودی جمعہ سے متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈس، سویڈن، ناروے اور اٹلی کے چھ روزہ سرکاری دورے پر ہوں گے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ بندی انتہائی کمزور حالت میں ہے اور بمشکل قائم ہے۔

6- اور، بنگلہ دیش نے بھارت میں منعقدہ مردوں کے ICC ٹی۔20 ورلڈ کپ سے قومی کرکٹ ٹیم کے دستبردار ہونے کی وجوہات جاننے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔

(Music)

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---